روزنامہ الفضل
C.P.L 61 ٹیلی فون نمبر 213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
بدھ 17 اکتوبر 2001ء 29 رجب 1422 ہجری- 17 اخاء 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 237

## تکمیل ایمان کی شرائط

حضرت معاذؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جس نے اللہ کی خاطر کچھ دیا اور اللہ ہی کی خاطر روکا اور اللہ کی خاطر محبت کی اور اللہ کی خاطر دشمنی کی اور اللہ کی خاطر کسی کا نکاح کروایا تو اس نے اپنے ایمان کو مکمل کر لیا۔

(جامع ترمذی کتاب صفة القیامه حدیث نمبر 2445)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ دھوکا جو انسان کو لگتا ہے کہ وہ خدا کو مانتا ہے باوجودیکہ عملی شہادت اس ایمان کے ساتھ نہیں ہوتی درحقیقت یہ بھی ایک قسم کی مرض ہے جو خطرناک ہے مرض دو قسم کی ہوتی ہے ایک مرض مختلف ہوتی ہے یہ وہ ہوتی ہے جس کا درد محسوس ہوتا ہے جیسے سر درد یا درد گردہ وغیرہ۔ دوسری قسم کی مرض مرض مستوی کہلاتی ہے اس مرض کا درد محسوس نہیں ہوتا اور اس لئے مریض ایک طرح اس کے علاج سے تساہل اور غفلت کرتا ہے جیسے برص کا داغ ہوتا ہے بظاہر کوئی درد یا دکھ محسوس نہیں ہوتا لیکن آخر کو یہ خطرناک نتائج پیدا کرتا ہے پس خدا پر ایسا ایمان جو عملی شہادتیں ساتھ نہیں رکھتا ہے ایک قسم کی مرض مستوی ہے۔ صرف رسم و عادت کے طور پر مانتا ہے یا یہ کہ باپ دادا سے سنا تھا کہ کوئی خدا ہے اس لئے مانتا ہے اپنی ذات پر محسوس کر کے کب اس نے اللہ کا اقرار کیا؟ یہ اقرار جس دن اس رنگ میں پیدا ہوتا ہے ساتھ ہی گناہوں کے میل کچیل کو جلا کر صاف کر دیتا ہے اور اس کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں جب تک آثار ظاہر نہ ہوں' ماننا نہ ماننا برابر ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ یقین نہیں ہوتا اور یقین کے بغیر ثمرات ظاہر نہیں ہو سکتے دیکھو جن خطرات کا انسان کو یقین ہوتا ہے ان کے نزدیک ہرگز نہیں جاتا مثلاً یہ خطرہ ہو کہ گھر کا شہتیر ٹوٹا ہوا ہے تو وہ کبھی بھی اس کے نیچے جانے اور رہنے کی دلیری نہ کرے گا یا یہ معلوم ہو کہ فلاں مقام پر سانپ رہتا ہے اور وہ رات کو پھرا بھی کرتا ہے تو کبھی یہ رات کو اٹھ کر وہاں نہ جائے گا کیونکہ اس کے نتائج کا قطعی اور یقینی علم رکھتا ہے پس اگر خدا کو مان کر ایک پیسہ کے سنکھیا جتنا بھی اثر اور یقین نہیں ہوتا تو سمجھ لو کہ کچھ بھی نہیں مانتا اور اصل یہ ہے کہ ساری خرابی کی جڑ گیان کی کوتاہی ہے۔(۔)

ایمان تو انسان کے نفسانی جذبات کو مردہ کر دیتا ہے اور گناہ کی قوتوں کو سلب کر دیتا ہے۔ آپ کو یہ سوال کرنا چاہئے کہ گناہ سے بچنے کا کیا علاج ہے میں یہ کبھی نہیں مان سکتا کہ ایمان بھی ہو اور گناہ بھی ہو۔ ایمان روشنی ہے اس کے سامنے گناہ کی ظلمت رہ نہیں سکتی بھلا یہ کبھی ہو سکتا ہے کہ دن بھی چڑھا ہوا ہو اور رات کی تاریکی بھی بدستور موجود ہو یہ نہیں ہو سکتا پس اصل سوال یہ رہ جاتا ہے کہ گناہ سے کیونکر بچیں اس کا علاج وہی ہے جو میں نے بیان کر دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ پر سچا ایمان پیدا ہو۔

(ملفوظات جلد دوم ص 608)

## خدمت خلق کا شاندار منصوبہ

احباب جماعت کے تعاون کی ضرورت

جماعت احمدیہ کے ہر فرد کی یہ دلی خواہش اور تڑپ ہے کہ اسے خدمت خلق کا کوئی موقعہ ملے اور جب بھی ایسا موقعہ ملتا ہے جماعت احمدیہ کے افراد والہانہ انداز میں اپنی مالی قربانیاں لے کر حاضر ہو جاتے ہیں اور آج عالمی سطح پر جماعت احمدیہ خدمت خلق کرنے والی جماعت کے طور پر معروف ہے۔

حضرت مسیح موعود نے جماعت احمدیہ کی بنیاد رکھتے ہوئے جو نصائح فرمائیں ان میں ایک یہ بھی تھی کہ ''وہ قوم کے ایسے ہمدرد ہوں کہ غریبوں کی پناہ ہو جائیں یتیموں کے لئے بطور باپ کے بن جائیں''۔

حضرت مسیح موعود کے ارشادات کی روشنی میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے دور خلافت کی پہلی مالی تحریک بیوت الحمد کا اعلان فرمایا جس کا مقصد غرباء یتیموں بیوگان وغیرہ کو مکانات کی فراہمی تھا آج یہ تحریک قابل رشک خدمت خلق کا شاندار نمونہ بن چکی ہے۔ 80 مکانات میں کنبے آباد ہو چکے ہیں۔ 500 سے زائد مستحقین کو ان کے مکانات کی کمی پوری کرنے کے لئے لاکھوں روپے کی جزوی امداد دی جا چکی ہے۔ اور یہ سلسلہ جاری ہے۔

خدمت خلق کے اس شاندار سلسلہ کو جاری رکھنے اور مکانات کی تعداد میں اضافے کے لئے احباب جماعت کے تعاون کی ضرورت ہے۔ امید ہے کہ احباب کرام دلی ذوق و شوق اور غرباء کی محبت کے جذبے سے آگے بڑھیں گے اور حضرت خلیفہ رابع کی پہلی مالی تحریک کو مضبوط بنانے کے لئے بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔

(سیکرٹری بیوت الحمد سوسائٹی)

## ہومیو پیتھک علمی نشست

مورخہ 19 اکتوبر بروز جمعہ نماز جمعہ کے فوراً بعد احمدیہ ہومیو پیتھک میڈیکل ریسرچ ایسوسی ایشن پاکستان (ربوہ) کے زیر اہتمام ایک علمی نشست بعنوان گلہڑ (گائٹر) نصرت جہاں اکیڈمی کے ہال میں منعقد ہوگی جس میں مکرم ڈاکٹر ولی محمد صاحب ساغر سابق پروفیسر سرجری فیصل آباد خطاب فرمائیں گے۔ تمام ہومیو پیتھک ڈاکٹرز، لیڈی ڈاکٹرز اور دیگر تمام شائقین حضرات و خواتین سے بروقت شمولیت کی درخواست ہے۔

(صدر احمدیہ ہومیو پیتھک میڈیکل ریسرچ ایسوسی ایشن پاکستان۔ (ربوہ)

# تحریک جدید اور اس کے مقاصد

## سیدنا حضرت مصلح موعود کے ارشادات کی روشنی میں

''تمام لوگوں تک پہنچنے کے لئے ہمیں آدمیوں کی ضرورت ہے۔ ہمیں روپے کی ضرورت ہے۔ ہمیں عزم واستقلال کی ضرورت ہے۔ ہمیں دعاؤں کی ضرورت ہے جو خداتعالیٰ کے عرش کو ہلا دیں اور انہی چیزوں کے مجموعے کا نام تحریک جدید ہے۔''

(''مطالبات تحریک جدید'' ص 2)

**تحریک جدید الٰہی تحریک ہے** میرے ذہن میں یہ تحریک بالکل نہیں تھی۔ اچانک میرے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ تحریک نازل ہوئی۔ پس بغیر اس کے کہ میں کسی قسم کی غلط بیانی کا ارتکاب کروں میں کہہ سکتا ہوں کہ وہ تحریک جدید جو خدا نے جاری کی۔ میرے ذہن میں یہ تحریک پہلے نہیں تھی۔ میں بالکل خالی الذہن تھا۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے یہ سکیم میرے دل پر نازل کی اور میں نے اسے جماعت کے سامنے پیش کر دیا۔ پس یہ میری تحریک نہیں بلکہ خداتعالیٰ کی نازل کردہ تحریک ہے۔

''میں اللہ تعالیٰ پر اس تحریک کی تکمیل کو چھوڑتا ہوں کہ یہ کام اسی کا ہے اور میں صرف اس کا حقیر خادم ہوں۔ لفظ میرے ہیں لیکن حکم اسی کا ہے۔''

(مطالبات تحریک جدید ص 8)

**تحریک جدید کی غرض** ''تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے کہ اس کے ذریعہ ہمارے پاس ایسی رقم جمع ہو جائے جس سے خداتعالیٰ کے نام کو دنیا کے کناروں تک آسانی اور سہولت کے ساتھ پہنچایا جا سکے۔ تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے تا کہ کچھ افراد ایسے میسر آ جائیں جو اپنے آپ کو خداتعالیٰ کے دین کی اشاعت کے لئے وقف کر دیں اور اپنی عمریں اسی کام میں لگا دیں۔ تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے تا کہ وہ عزم واستقلال ہماری جماعت میں پیدا ہو جو کام کرنے والی جماعتوں کے اندر پیدا ہونا ضروری ہوتا ہے۔

(''مطالبات تحریک جدید'' ص 5)

**مطالبات کا خلاصہ** ''مطالبات کا خلاصہ چار باتیں ہیں۔ اول جماعت کے افراد میں عملی زندگی پیدا کرنا خصوصاً نوجوانوں کے اندر بیداری اور عملی جوش پیدا کرنا۔ دوسرے جماعتی کاموں کی بنیاد بجائے مالی بوجھ کے ذاتی قربانیوں پر زیادہ رکھنا۔ تیسرے جماعت میں ایک ایسا فنڈ تحریک جدید کا قائم کر دینا جس کے نتیجہ میں (دعوت الی اللہ) کے کام میں مالی پریشانیاں روک پیدا نہ کریں۔ چوتھے جماعت کو (دعوت الی اللہ) کے کاموں کی طرف پہلے سے زیادہ توجہ دلا دینا۔''

(رپورٹ مجلس مشاورت اپریل 39ء ص 3)

**بشاشت ایمان کی ضرورت** اگر کوئی شخص سالہا سال سے قربانیاں کر رہا ہے مگر اس کے اندر بشاشت ایمان پیدا نہیں ہوئی۔ تو اس کی روح کو اس کی قربانیوں کا کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا۔''

(مطالبات تحریک جدید ص 3)

**تحریک جدید میں شمولیت کی اہمیت** میں سمجھتا ہوں کہ ہر وہ شخص جو اپنے اندر ایمان کا ذرہ بھی رکھتا ہے۔ میری اس تحریک پر آگے آئے گا اور وہ شخص جو خداتعالیٰ کے نمائندہ کی آواز پر کان نہیں دھرتا اس کا ایمان کھویا جائے گا۔''

(مطالبات تحریک جدید ص 9)

# مذاہب عالم میں انسان کا مقام

محترم سید میر محمود احمد ناصر صاحب

ویدوں میں انسانی عظمت کے ضمن میں برھمنوں کے بلند مقام پر زور دیا گیا ہے۔ بائبل میں بنی اسرائیل کے تمام اقوام عالم میں سے چنیدہ قوم ہونے پر زور ہے۔ کلیسا نے انسانوں کے پہلے جوڑے کے ممنوعہ پھل کھا لینے کے نتیجہ میں تمام نسل انسانی کے گناہ گار ہونے پر اصرار کیا ہے۔

قرآن مجید نے بہ حیثیت مجموعی انسانیت کے شرف اور ارتقاء کی بلند ترین کڑی ہونے کے مضمون کو متعدد رنگ میں بیان کیا ہے سورۃ بنی اسرائیل میں یہ مضمون ہے کہ ہم نے بنی آدم کو بہت شرف بخشا ہے اور خشکی وتری میں ہم ان کو اٹھائے ہوئے ہیں اور پاکیزہ چیزیں اور استعدادیں عطا فرمائی ہیں اور ایک وسیع وعریض مخلوق پر ہم نے ان کو فضیلت بخشی ہے۔ سورۃ الشّمس میں یہ اشارہ ہے کہ نفس انسانی میں سورج کی روشنی چاند کا حسن دن کی تجلیات رات کی پردہ پوشی آسمان کی بناوٹ اور زمین کی ہمواری سب صفات پائی جاتی ہیں سورۃ التین میں انسان کو ارتقاء کی آخری انتہائی کڑی قرار دیا ہے سورۃ المومنون کی ابتدائی آیات کی تشریح کے ضمن میں انسانی جسم اور انسانی روح کے کمالات کا تذکرہ آئینہ کمالات اسلام میں اس طرح ہے کہ انسانی جسم کو اللہ تعالیٰ نے اس مٹی سے پیدا کیا جو زمین کے تمام انواع واقسام کا لب لباب اور اس کی تمام قوتیں اپنے اندر رکھنے والی تھی تا کہ انسانی جسم کے اعتبار سے بھی ایک دنیا ہو اور زمین کی تمام چیزوں کی قوت وخاصیت اس میں پائی جائے اور اسی تسلسل میں روح انسان کے بارہ میں اشارہ ہے (کہ بر طبق آیت جب میں اسے ٹھیک ٹھاک بنا لوں اور اپنی روح اس میں پھونکوں) کہ انسان باعتبار روح عالم صغیر ہے اور بلحاظ شیون وصفات کاملہ وظلیت تامہ روح الٰہی کا مظہر ہے۔

# آپس کے اختلافات چھوڑ دو اور حبل اللہ کو پکڑ لو

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

کسی جماعت کی ترقی کے لئے اس بات کی بہت ضرورت ہوتی ہے کہ اس کے سب افراد آپس میں ایک ہو جائیں جب تک کوئی جماعت فرد واحد کی طرح نہیں ہو جاتی۔ ترقی نہیں کر سکتی۔ خواہ وہ جماعت دینی ہو یا دنیوی۔ کیونکہ تمام کامیابیوں اور ترقیوں کے لئے خداتعالیٰ نے یہ قاعدہ جاری کیا ہوا ہے کہ جب تک ساری جماعت ایک نہ ہو جائے۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ دشمنی ونفاق۔ حسد وکینہ۔ بغض اور عداوت کو چھوڑ نہ دے اس وقت تک ترقی نہ کرے۔ جیسے کوئی انسان اس وقت تک کوئی سکھ اور آرام نہیں پا سکتا جب تک کہ اس کے تمام اعضا میں مناسبت اور درستی نہ ہو اور وہ ایک دوسرے کے ممد اور معاون نہ ہوں۔ ایسے ہی کوئی قوم اس وقت تک آرام اور سکھ نہیں پا سکتی جب تک کہ اس کا ہر ایک فرد دوسرے کے دکھ کو اپنا دکھ اور دوسرے کے آرام کو اپنا آرام نہ سمجھے۔ دیکھو کسی طبیب کی طبیعت وہاں علاج کرنے سے گھبراتی ہے جہاں ایک بیماری کا علاج کرے تو دوسری پیدا ہو جائے۔ کیوں؟ اس لئے کہ اگر وہ جگر کا علاج کرتا ہے تو معدہ خراب ہو جاتا ہے اور اگر معدہ کا علاج کرتا ہے تو سینہ خراب ہو جاتا ہے۔ پس جہاں دو چیزیں ایسی مقابلہ میں آ جاتی ہیں کہ ایک سے دوسری بیماری اور دوسری سے تیسری بیماری پیدا ہو جاتی ہے اور ایک عضو کے ساتھ دوسرا بیمار ہو جاتا ہے تو اس وقت انسان کو آرام نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح جس قوم کے افراد ایسے ایک دوسرے سے دور ہوں کہ اگر ایک کو سکھ پہنچے تو دوسرے کو دکھ محسوس ہو۔ اور اگر ایک کو تکلیف پہنچے تو

باقی صفحہ 7 پر

پبلشر آغا سیف اللہ' پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

# امراضِ گردہ اور ان کا علاج

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''ہومیوپیتھی علاج بالمثل'' کی روشنی میں

مرتبہ: ہومیوپیتھک ڈاکٹر پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

### پتھریوں کے اولین نسخے

### ایکونائیٹ نیپلس
### Aconitum Napellus

گردے کے درد شروع ہونے پر ایکونائیٹ (Aconite) 10.00 کو بیلاڈونا (BellaDonna) 1000 کے ساتھ ملا کر پندرہ منٹ کے وقفہ سے دو خوراکیں دی جائیں تو متعدد مریضوں کو فوری فائدہ ہوتا ہے- ہاں اگر گردے کے تشنجی درد کو گرمی سے آرام آتا ہو تو یہ نسخہ کوئی فائدہ نہیں دے گا- یہ صرف ان مریضوں میں کام کرے گا جن کو گرم ٹکور نقصان پہنچاتی ہے- جہاں گردے کی تکلیف میں گرمی سے افاقہ ہوتا ہو وہاں بعض دفعہ کولوسنتھ CM کی ایک ہی خوراک فوری فائدہ پہنچائے گی یا پھر میگ فاس 6x کو گرم پانی میں گھول کر گھونٹ گھونٹ پلایا جائے تو تشنج دور ہو جائے گا اور جہاں سردی سے آرام محسوس ہو وہاں ایکونائیٹ اور بیلاڈونا کام کرے گا''۔

(صفحہ 11)

### بیلاڈونا
### Bella Donna

''پتے کے تشنج کے علاوہ گردوں کے شدید درد میں بھی بیلاڈونا بہت مفید ہے- اگر اس کے ساتھ ایکونائیٹ ملا کر دی جائے تو اور بھی اچھا کام کرتا ہے- دونوں ملا کر ایک ہزار طاقت میں دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے دو تین بار دہرائی جاسکتی ہیں- اگر فائدہ نہ ہو اور مریض کو گرمی سے آرام آتا ہو تو اس کی بجائے کولوسنتھ CM یا میگ فاس 6x پانی میں ملا کر بار بار دینا مفید ہے- تشنج بظاہر ایک ہی طرح کا ہوتا ہے- لیکن مزاج کے فرق سے علاج مختلف ہو جائے گا''-

(صفحہ 136)

### میڈورائینم
### Medorrhinum

''گردے کے درد کا شدید دورہ پڑے تو اس میں اولین نسخہ ایکونائیٹ اور بیلاڈونا ملا کر دینا ہے۔ اگر دونوں کو 1000 کی طاقت میں ملا کر دس دس منٹ کے وقفہ سے دو خوراکیں دیں تو اللہ کے فضل سے بہت سے مریضوں کو فوری آرام آجاتا ہے- اگر ایسے مریض کی تکلیف گرمی کی بجائے سردی سے بڑھتی ہو تو پھر میگ فاس 6x بار بار دینے سے یا کولوسنتھ ایک لاکھ کی طاقت میں صرف ایک خوراک دینے سے بعض دفعہ جادو کی طرح اثر ہوتا ہے- درد کے اس دورہ کے رفع ہونے کے بعد گردے کی پتھریوں کا مستقل علاج ہونا چاہئے- اگر گردے کا درد پتھریوں کی وجہ سے نہ ہو- بلکہ سوزش کی وجہ سے ہو تو اس کی مستقل دوا تلاش کرنی چاہئے- جو میڈورائینم بھی ہو سکتی ہے''- (صفحہ 587)

### بربرس ولگیرس
### Berberis Vulgaris

''گردے کی شدید درد اور پتھری کے لئے مفید ہے لیکن یہ کچھ لمبا عرصہ کھلانی پڑتی ہے تا کہ پتھری رفتہ رفتہ گھل کر باہر آجائے لیکن اگر پتھری اگزالک ایسڈ کی ہو گئی تو بربرس فائدہ نہیں دے گی بلکہ کلیتاً بے اثر ہو گی- اگزالک ایسڈ کی پتھری Oxalates سے بنتی ہے اور وہ بہت سخت ہوتی ہے اور ایک خاص قسم کی شعاعوں سے اس کا علاج ہوتا ہے- میرے تجربہ کے مطابق سلیشیا اور کلکیر یا فلور 6x ملا کر کچھ عرصہ کھلایا جائے تو یہ رفتہ رفتہ اس پتھری کو بھی گھلا دیتی ہے''- (صفحہ 152)

### سلیشیا
### Silicea

''گردہ میں بننے والے کنکر خصوصاً آگزیلیٹس (Oxalates) جو کسی اور دوا سے ٹھیک نہیں ہوتے بسا اوقات کچھ عرصہ سلیشیا 6x کھلانے سے چھوٹے چھوٹے ریت کے ذرے بن کر نکل جاتے ہیں- ایسی پتھریاں ایکسرے میں بھی نظر نہیں آتیں اس لئے صرف گردے کی درد کے شدید دورے ان کی نشاندہی کرتے ہیں- پتھریلے علاقوں میں جہاں پتھروں کے سنگریزے خوراک میں شامل ہوتے ہوں، وہاں اس قسم کی آگزیلیٹس کی پتھریاں بکثرت ملتی ہیں افغان مہاجرین کے کیمپوں میں آگزیلیٹس کی پتھریوں کے مریضوں پر میرے ہومیوپیتھک کے شاگرد ڈاکٹروں نے وسیع پیمانے پر اسے کامیابی سے استعمال کیا ہے''(صفحہ 759)

### خاص قسم کے درد کے لئے

### بربرس ولگیرس

''بربرس کے دردوں کے خاص علامت یہ ہے کہ یہ ایک مقام سے سائیکل کے پہیہ کے تاروں کی طرح چاروں طرف پھیلتے ہیں- گردے کے درد کی بھی یہی عادت ہے کہ نیچے مثانہ کی طرف بھی ٹیسیں چلتی ہیں اور اوپر کمر اور جگر کی طرف بھی- درد کی جو لہریں نیچے اترتی ہیں وہ مردوں کے خصیوں کی طرف جانے والے اعصابی ریشوں کے راستے خصیوں میں بھی محسوس ہوتی ہیں- اکثر ایسے مریض کو پیشاب کی حاجت بیٹھے بیٹھے اگر نہ بھی محسوس ہو تو کھڑا ہوتے ہی یا چلنے پر پیشاب کی سخت حاجت ہوتی ہے جس کا روکنا مشکل ہوتا ہے- اگر مریض مردانہ یورینل (Urinal) یا کموڈ (Commode) میں کھڑا ہو کر پیشاب کرے تو پیشاب کا بڑا حصہ خارج ہونے کے باوجود پیشاب کی پتلی دھار ختم ہونے میں ہی نہیں آتی اور یوں لگتا ہے کہ گردہ مسلسل پیشاب بنائے چلا جا رہا ہے''- (صفحہ 150)

### ہیلونیس
### Helonias

''ہیلونیس کا گردوں سے بھی تعلق ہے- گردوں میں خون کا اجتماع ہو جاتا ہے- دونوں طرف شدید جلن محسوس ہوتی ہے جو بیرونی جلد پر بھی محسوس کی جاسکتی ہے- مریض بیرونی طور پر درد کی لکیروں کا خاکہ اپنی انگلی سے کھینچ سکتا ہے- ایسے مریضوں کے پیشاب میں بعض دفعہ البیومن بھی خارج ہوتی ہے- اگر حمل کے دوران یہ ہو تو ہیلونیس کو نہیں بھولنا چاہئے- ہیلونیس کی مریضہ اپنی توجہ بیماری سے ہٹائے تو بہتر محسوس کرتی ہے- حرکت سے تکلیف بڑھتی ہے''- (صفحہ 436)

### تشخیص بصورت ورم

### آیوڈم
### Iodum

''آیوڈم کو گردوں کی بیماریوں میں بھی اہم مقام حاصل ہے- گردوں میں تکلیف کی وجہ سے ہاتھ پاؤں متورم ہو جاتے ہیں اگر گردوں کی بیماری میں آیوڈم کو وقت پر دے دیا جائے تو مریض بہت سی ناقابل علاج اور تکلیف دہ بیماریوں سے بچ جاتا ہے''(صفحہ 471)

### کیکٹس گرینڈی فلورس
### Cactus Grandiflorus

''گردوں کی تکلیفیں مزمن ہو جائیں تو جسم میں پلپلی ورم پیدا ہو جاتی ہیں خصوصاً پاؤں اور ٹانگوں میں- ایسی صورت میں کیکٹس کی دوسری علامتیں نمایاں ہوں تو بفضلہ تعالیٰ یہ سارے بدن کو شفاء بخش دیتی ہے- بعض دفعہ کوئی اور علامت نمایاں نہ ہو تو سکڑن کا اچانک پن اور اس کی شدت کیکٹس کو ظاہر کرنے کے لئے کافی ہے- اسلئے ان علامتوں کے ساتھ بلاتردد کیکٹس دے دینی چاہئے کیونکہ اگر کیکٹس ہی دوا ہو تو افاقہ تیزی سے ہو گا'' اگر نہ ہو تو نقصان بھی نہیں- کیکٹس کو ہنگامی دواؤں کے طور پر ہمیشہ اپنے ساتھ رکھنا چاہئے''(صفحہ 179,178)

## اپیس میلیفیکا
## Apis Mellifica

''اگر اپیس کے مریض کے گردے خراب ہوں تو آنکھ کے نیچے پھلبلی ورم ان کی نشاندہی کرتی ہے- اگر اس کے ساتھ گردوں میں ٹیسیں پڑنے یا گرمی سے تکلیف کے بڑھنے کی علامت موجود ہو تو قطعی طور پر یہ مرض اپیس کے دائرہ اثر میں ہوگا''- (صفحہ 69)

## پیشاب میں خون، ذرات تلچھٹ، البومن، شوگر

## آرسینک البم
## Arsenicum Album

(الف) ''آرسینک کا گردوں کی بیماریوں سے بھی گہرا تعلق ہے- گردوں کی جھلیوں کو بعض تیزابی مادے نقصان پہنچاتے ہیں اور پیشاب میں البیومن آنے لگتی ہے- بے حد دماغی بوجھ اور مسلسل ذہنی کام دونوں مل کر اندرونی اعصاب میں بے چینی پیدا کردیتے ہیں جس سے گردے کی جھلیاں زود حس اور ضرورت سے زیادہ فعال ہوجاتی ہیں''- (صفحہ 94)

(ب) ''اگر پراسٹیٹ گلینڈز، گردے اور مثانے کی بیماریوں میں آرسینک کی علامات موجود ہوں لیکن آرسینک اکیلی کافی نہ ہو تو فاسفورس اس کی مددگار ثابت ہوتی ہے- دونوں کو یکے بعد دیگرے دینا بھی میرے تجربے کے مطابق بہت مفید ثابت ہوا ہے''-

(صفحہ 97)

## پلمبم
## Plumbum

(الف) ''اگر اچانک صدمہ پہنچنے سے گردوں نے کام کرنا چھوڑ دیا ہو تو پلمبم ان میں دوبارہ حرکت پیدا کر دیتی ہے''- (صفحہ 678)

(ب) ''گردوں کی لمبا عرصہ چلنے والی بیماریوں میں پلمبم فائدہ مند ہے اور اگر پیشاب میں البیومن اور شوگر آ رہی ہو تو اس کا بھی اچھا علاج ہے- گردوں کی اندرونی جھلیوں پر بھی اس دوائی کا اثر ہوتا ہے- یہ دونوں اثرات اگرچہ الگ الگ وجوہات سے تعلق رکھتے ہیں لیکن پیشاب میں اکٹھے ملتے ہیں''- (صفحہ 679)

## کریئوزوٹم

''اکثر مخارج سے خون بہتا رہتا ہے- ناک، آنکھ، گردوں اور رحم سے خون بہنا اس دوا کا خاص مزاج ہے''- (صفحہ: 521)

## سبائنا
## Sabina

''چلسمیلیا میں حیض کا خون بہت کم اور رک رک کر آتا ہے- جب کہ سبائنا میں اس کے برعکس بہت زیادہ خون بہتا ہے- خون بہنے کا رجحان صرف رحم تک ہی محدود نہیں رہتا بلکہ دوسرے مقامات مثلاً ناک یا گردوں سے بھی خون بہنے لگتا ہے''- (صفحہ: 727)

## امونیم کارب
## Ammonium Carb

''اگر انتڑیاں اور گردے وغیرہ جواب دے جائیں اور جہاں جہاں اندرونی جھلیاں ہیں وہاں سے سیاہ رنگ کا زہریلا خون جاری ہو جائے تو...... یہاں امونیم کارب کو یاد رکھنا ضروری ہے- ایسے نازک اور تشویش ناک مرحلہ میں یہ سب سے اچھی دوا ثابت ہوتی ہے''- (صفحہ: 58)

## ہائیڈرینجیا
## Hydrangia

''اس کا تعلق گردوں کی بیماریوں سے ہے لیکن عموماً اسے زیادہ استعمال نہیں کیا جاتا- اس کی ایک علامت بہت نمایاں ہے وہ یہ کہ نمکیات کی زیادتی کی وجہ سے پیشاب میں تلچھٹ ہوتی ہے اور سفید رنگ کی تہہ نیچے جم جاتی ہے- اس علامت کے ساتھ گردوں کی اکثر تکلیفوں میں مثلاً پیشاب میں خون، چھوٹی چھوٹی پتھریاں یا ریت کے ذرے آنے لگیں جو مثانے کی نالی کو زخمی کر دیں اور شدید جلن ہو تو یہ دوا کام آتی ہے''-

(صفحہ: 445)

## کوکس کیکٹائی
## Coccus Cacti

''کوکس کے مریض کے پیشاب کی علامت بہت اہمیت رکھتی ہیں- پیشاب کی سخت حاجت، اس میں پکی اینٹ کے ذروں کی طرح سرخ ذرے اور باریک پتھریاں اور یورک ایسڈ (Uric Acid) کی ملاوٹ ہوتی ہے جس کی وجہ سے گردے سے مثانے تک کاٹنے والے دردوں کی لہریں چلتی ہیں- کبھی اچانک پیشاب بند ہوجاتا ہے''- (صفحہ: 314)

## دیگر متاثر حصہ جسم

## سٹفی سیگریا

''پراسٹیٹ گلینڈز بڑھ جائیں تو پیشاب کی تکلیف شروع ہوجاتی ہے...... اگر کسی کا مزاج سٹفی سیگریا سے ملتا ہو اور پراسٹیٹ کا مریض ہو تو یہ دوا مفید ثابت ہوسکتی ہے- پراسٹیٹ کی تکلیف کا فوری علاج ضروری ہے ورنہ یہ تکلیف بڑھ کر مثانہ یا گردوں میں انفیکشن پیدا کر دیتی ہے اور کبھی کینسر بھی بن جاتا ہے''- (صفحہ: 775,774)

## کاربالک ایسڈ
## Carbolic Acid

''یہ دوا گردوں اور پراسٹیٹ گلینڈ دونوں کی انفیکشن میں مفید ہے- اگر رات کو بار بار پیشاب کی حاجت محسوس ہو تو اس کو بھی مدنظر رکھیں- بعض معالجین کا خیال ہے کہ اس تکلیف میں یہ Ix پوٹینسی میں اچھا کام کرتی ہے- لیکن میرا اس بارے میں ذاتی تجربہ نہیں ہے''- (صفحہ: 250)

## سینیشو اورس
## Senecio Aureus

''اگر رحم اپنی جگہ سے ٹل جائے، پیشاب درد کے ساتھ آئے یا بالکل بند ہو جائے، گردوں میں شدید سوزش ہو اور سردی لگ کر بخار چڑھے تو یہ ساری علامتیں سینیشو کا تقاضا کرتی ہیں''- (صفحہ: 742)

## فاسفورس

(الف) ''چھاتی اور گردے کی بیماریوں میں اگر مریض کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوں تو چونکہ یہ علامت سلیشیا میں بھی پائی جاتی ہے اس لئے فاسفورس کو سلیشیا کے ساتھ ادل بدل کر دینے سے فائدہ پہنچتا ہے''- (صفحہ: 652)

(ب) ''Pigmentation کی خرابی کی وجہ سے پیٹ، چھاتی اور گردن کے حصوں پر زرد رنگ کے نشان بن جاتے ہیں- یہ دراصل کلاہ گردہ کی کمزوری ہوتی ہے اور گردوں پر اس دوا کا غیر معمولی اثر ہوتا ہے''-

(صفحہ: 655)

## آرنیکا

''آرنیکا کے مریض کو...... مثانے میں بوجھ اور گردوں میں درد محسوس ہوتا ہے''- (صفحہ: 91)

## پیشاب کی کیفیت

## ہیڈی اوما

''پیشاب کی علامتوں میں یہ ایک غیر معمولی اثر دکھانے والی دوا ہے- جب پیشاب اچانک دباؤ ڈالے تو ایک منٹ سے زیادہ اس کا روکنا محال ہو جاتا ہے- پیشاب کی نالی اور مثانے کی گردن میں جلن اور بے چینی، بائیں گردے کے مقام پر درد کا عمومی احساس اور گردے کے مقام سے مثانہ میں درد اترتا ہوا محسوس ہوتا ہے- اس دوا کا پیشاب کے عوارض سے ایسا گہرا تعلق ہے کہ باقی علامتیں موجود نہ بھی ہوں تو پیشاب کی تکالیف دور کرنے میں یہ نمایاں اثر رکھتی ہے''-

(صفحہ: 425)

## کالی فاس

(الف) ''جراثیم کے ذریعہ پھیلنے والی گردوں کی بیماریوں پر بھی کالی فاس اچھا اثر دکھاتی ہے''-

(صفحہ: 510,509)

(ب) ''کبھی کالی فاس کا مریض جس کا سردرد اعصابی تھکاوٹ کی وجہ سے ہو بظاہر ٹھیک ہوجاتا ہے مگر دراصل وہ اعصابی تناؤ گردوں کی طرف منتقل ہو جاتا ہے اور اس اعصابی دباؤ کی وجہ سے اسے بکثرت پیشاب آنے لگتا ہے- بعض دفعہ چار پانچ منٹ کے اندر ہی بار بار زور سے پیشاب آتا ہے- بسا اوقات علمی کام کرنے والوں میں ایسے دورے ہوتے ہیں- سخت دماغی محنت اور اعصابی دباؤ کے نتیجہ میں کبھی دوران سر، کبھی سردرد اور کبھی بار بار پیشاب آنے کی حاجت پیدا ہوتی ہے''-

(صفحہ: 512)

## رس ٹاکسی کوڈینڈران
## (رسٹاکس)
## Rhus Toxicodendron

''رسٹاکس میں ایک اور علامت یہ بھی ہے کہ مثانے یا گردے میں ہلکی سوزش مزمن صورت اختیار کرلے تو مریض رات کو بار بار پیشاب کے لئے اٹھتا ہے- اس کی نیند خراب ہو جاتی ہے اور وہ بے چین رہتا ہے، ضروری نہیں کہ ایسے مریض کو ذیابیطس ہو''- (صفحہ: 709,708)

## کینبیس انڈیکا

''کینبیس میں گردوں کی بیماریاں بھی ہوتی ہیں- بار بار پیشاب آتا ہے لیکن ہر دفعہ پیشاب آنے کے لئے کچھ انتظار کرنا پڑتا ہے اور پیشاب ختم بھی آہستہ آہستہ ہوتا ہے- پیشاب کی نالی میں جلن اور ہلکے درد کی شکایت بھی ہوتی ہے''-

(صفحہ: 225)

## ٹیرینٹولا ہسپانیہ
## Tarentula Hispania

''پیشاب کی علامتوں میں کینتھرس (Cantharis) کی طرح اثر انداز ہوتی ہے- کینتھرس بھی ایک مکھی کے زہر سے تیار کی جانے والی دوا ہے- یہ زہر پیشاب کی نالیوں میں

باقی صفحہ 6 پر

# ایڈورڈ ہشتم

ڈیوک آف ونڈسر "ایڈورڈ ہشتم" وہ انگلستان کا بادشاہ تھا اور اس نے اپنے عشق کی خاطر انگلستان کے تاج و تخت کو اس وقت تج دیا جب اس کی سلطنت پر سورج غروب نہیں ہوتا تھا۔

ایڈورڈ ہشتم شہنشاہ سلطنت برطانیہ نے بادشاہ انگلستان بننے کے بعد مسز سمپسن سے شادی کا ارادہ کیا۔ مسز سمپسن کی اس سے پہلے دو دفعہ شادی ہو چکی تھی جبکہ ایڈورڈ ہشتم ابھی کنوارے تھے۔ لیکن عشق و محبت میں تو کوئی حد ہی مقرر کی جا سکتی ہے نہ ہی کوئی قدغن لگائی جا سکتی ہے۔ مگر برطانیہ کے قدامت پسند حلقوں اور مذہبی راہنماؤں میں ایک ہلچل مچ گئی اور وزیر اعظم اسٹینلے بالڈون اور برطانیہ کے بشپ آف بریڈ فورڈ ٹکرائے۔ ڈبلیو بنٹ نے چرچ آف برطانیہ کے نام پر بادشاہ سے مطالبہ کیا کہ یا تو وہ مسز سمپسن سے شادی کا ارادہ ترک کر دیں یا از خود تخت و تاج برطانیہ سے دست بردار ہو جائیں۔

اس موقعہ پر عشق کو فتح ہوئی اور 10 دسمبر 1936ء کو ایڈورڈ ہشتم اپنے چھوٹے بھائی جارج ششم کے حق میں دست بردار ہو گئے اور فرانس جلاوطن ہو گئے جہاں انہوں نے ایک عام آدمی کی حیثیت سے مسز سمپسن سے شادی کی اور بقیہ زندگی پیرس ہی میں گزاری۔

28 مئی 1972ء کو ایڈورڈ ہشتم نے وفات پائی

بقیہ صفحہ 4

شدید جلن پیدا کرتا ہے۔ گردوں کی جھلیاں سوج جاتی ہیں۔ قطرہ قطرہ پیشاب بار بار جل کر آتا ہے جیسے پگھلا ہوا تانبا ہو"۔ (صفحہ: 791)

"ٹیرینٹولا گردوں کے تشنج میں جو پتھریوں یا سوزش وغیرہ سے ہو بہت مفید ہے۔ اگر گردے کے ارد گرد کولہے کے اوپر رکھ کر کے پاس درد نمایاں ہو اور پیشاب میں جلن ہو لیکن مقدار میں زیادہ ہو اور اچانک جکڑن کی علامت پائی جائے تو غالباً ٹیرینٹولا ہی دوا ہوگی"۔ (صفحہ: 794)

## کینیبس سٹائیوا

## Cannabis Sativa

"گردوں میں سوزش ہو جاتی ہے۔ پیشاب قطرہ قطرہ جلن کے ساتھ بار بار آتا ہے۔ پیشاب سے فارغ ہونے کے بعد شدید ڈنک بھرنے والے درد کا احساس ہوتا ہے۔ آخر میں مثانے کی نالی اور پیشاب کا سوراخ اچانک تشنج کی وجہ سے بند ہو جاتے ہیں اور سخت تکلیف ہوتی ہے۔ پیشاب کی نالی میں شدید درد ہوتا ہے اور مریض کو چلتے ہوئے بھی تکلیف ہوتی ہے"۔ (صفحہ: 228)

## بیلاڈونا

"پیشاب بار بار آنے کی بیماری میں بھی بیلا ڈونا سود مند ثابت ہوتا ہے۔ بشرطیکہ گردے یا مثانے میں انفیکشن کی وجہ سے ایسا ہو ورنہ براہ راست بیلا ڈونا میں پیشاب کے بار بار آنے کی علامت موجود نہیں"۔ (صفحہ: 141)

## کالی سلف

"کالی سلف میں شدید خارش ہوتی ہے۔ گردوں کی اندرونی جھلیوں میں سوزش اور ہلکے یا شدید چبھن والے درد پائے جاتے ہیں۔ بعض دفعہ پیشاب میں البومن بھی آتی ہے۔ پیشاب گہرے رنگ کا، مقدار میں زیادہ اور جلن والا ہوتا ہے۔ کبھی یہ تھوڑا تھوڑا آتا ہے مگر آتا چلا جاتا ہے۔ یوں لگتا ہے کہ گردے مسلسل تھوڑا تھوڑا بدبودار متعفن پیشاب مزید بناتے چلے جا رہے ہیں"۔ (صفحہ: 519,518)

## ایسکولس ہپوکاسٹینم

## Aesculus Hippocastinum

"ایسکولس میں گردوں کا درد بھی نمایاں ہے۔ خصوصاً بائیں گردے میں درد۔ بار بار پیشاب کی حاجت مگر مقدار میں کم، سیاہی مائل جلتا ہوا پیشاب آتا ہے"۔ (صفحہ: 22)

## کینتھرس

"کینتھرس میں گردوں کی جھلیاں متورم ہو جاتی ہیں اور پیشاب کی نالی میں جلن اور سوزش پیدا ہو جاتی ہے۔ قطرہ قطرہ پیشاب بہت جل کر آتا ہے"۔ (صفحہ: 218, 217)

"بعض اوقات کینتھرس کا زہر دینے سے گردوں میں مستقل سوزش ٹھہر جاتی ہے جو مریض کو اعصابی لحاظ سے بھی متاثر کرتی ہے"۔ (صفحہ: 218)

## کیمفر

"......گردوں کی جھلیاں متورم ہو جاتی ہیں اور پیشاب کی نالی میں جلن اور سوزش پیدا ہو جاتی ہے۔ قطرہ قطرہ پیشاب بہت جل کر آتا ہے۔ یہ علامتیں ایک حد تک کیمفر میں بھی پائی جاتی ہیں۔ بعض اوقات کینتھرس کا زہر دینے سے گردوں میں مستقل سوزش ٹھہر جاتی ہے جو مریض کو اعصابی لحاظ سے بھی متاثر کرتی ہے۔ ایسی صورت میں کیمفر اس اثر کو زائل کرتا ہے اور یہ صرف عارضی دوا نہیں بلکہ مستقل طور پر بھی بعض بیماریوں کے بد اثرات مٹانے کے لئے مفید ہے"۔ (صفحہ: 218,217)

## کاسٹیکم

"اگر وضع حمل کے وقت عورت کے گردوں پر اثر ہو، خوف، دباؤ یا سوزش کی وجہ سے پیشاب بند ہو جائے تو بسا اوقات کاسٹیکم ناگزیر ہو جاتی ہے۔ بلکہ ایسی حالت میں یہ جان بچانے والی دوا بن جاتی ہے"۔ (صفحہ: 265)

## کروٹیلس ہری ڈس

"سرخ یا زردی مائل پیشاب آتا ہے۔ گردے متورم ہوتے ہیں"۔ (صفحہ: 334)

## ارجنٹم میٹیلیکم

(الف) "گردوں کی اندرونی جھلیوں میں خرابیاں پیدا ہو جائیں تو بھی ارجنٹم میٹیلیکم مفید ہے"۔ (صفحہ: 74)

(ب) "ایسے مریض جنہیں ذیابیطس ہو اور گردے جواب دے رہے ہوں اور ان کا رات کو بستر میں پیشاب نکل جاتا ہو تو ان سب عوارض کے لئے ارجنٹم میٹیلیکم مفید ہے"۔ (صفحہ: 75)

## متفرقات

## پائیروجینیم

## Pyrogenium

"یہ گردوں کی سوزش (Nephritis) کے لئے بھی مفید ہے۔ اگر یہ علم ہو جائے کہ کسی زمانے میں مریض کو تعفنی بخار ہوا تھا اور اس کے بعد گردے جواب دے گئے تو پائیروجینیم بہت مفید ہے"۔ (صفحہ: 700)

## اپی کاک

## Ipecacuanha

"گردوں کی انفیکشن میں بھی شدید سردی لگتی ہے۔ اسلئے ابتدائی سردی کے وقت مریض کو ڈھانپ دیں اور گھونٹ گھونٹ گرم پانی پلائیں۔ بسا اوقات گردے کی انفیکشن سے پیدا ہونے والی علامات بالکل ملیریا کے آغاز کی علامتوں سے ملتی ہیں اس لئے علاج میں جلدی نہ کریں بلکہ وقتی سہارے کی دوائیں دیں اور جب خوب مکمل کر ان دونوں میں امتیاز ظاہر ہو جائے تو پھر اصل بیماری کا علاج شروع کیا جائے"۔ (صفحہ: 478)

## کالی آیوڈائیڈ

(Kali Iod) بھی گردوں کے لئے مفید دوا ہے لیکن اس میں السر بننے کا رجحان ہوتا ہے جب کہ آیوڈم میں السر کا رجحان نہیں ہوتا"۔ (صفحہ: 471)

## کلکیریا سلف

## Calcaria Sulphurica

"اگر تشخیص درست ہو تو کلکیریا سلف گردے کی پرانی سوزش میں بھی مفید ہے۔ کلکیریا سلف میں کسی ایک جگہ گرمی محسوس نہیں ہوتی بلکہ سارے جسم کو گرم کپڑا اوڑھنے سے اور بستر کی گرمی سے گھبراہٹ ہوتی ہے"۔ (صفحہ: 213)

## گائیکم

## Guaiacum

"گائیکم میں گردے کی تکلیفیں بھی ملتی ہیں۔ عموماً ایسے مریضوں کو بہت پسینہ آتا ہے۔ جو مفید ہوتا ہے کیونکہ جب تک پسینہ آتا رہے گردوں کی کوئی تکلیف اور علامت ظاہر نہیں ہوتی۔ اگر پسینہ بند ہو جائے تو اچانک گردے کی تکلیف کا احساس شروع ہو جائے گا۔ اگر ایسے مریض کو سردیوں میں اچانک گردے کی تکلیف ہو اور اسے گرمی پہنچا کر پسینہ کے عمل کو بحال کر دیا جائے تو تکلیف کم ہو جائے گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پسینہ کے ذریعہ جلد سے جو زہریلے مادے خارج ہوتے ہیں ویسے ہی مادے گردوں کے ذریعہ پیشاب میں بھی خارج ہوتے ہیں۔ گردوں اور جلد سے نکلنے والے مشترک مادے اس بیماری کے ذمہ دار ہیں۔ گائیکم ان مادوں اور نمکیات وغیرہ کا توازن بحال کر کے شفا دیتی ہے۔ گائیکم کی تکلیفیں حرکت سے گرمی سے دباؤ اور چھونے سے بڑھ جاتی ہیں۔ بیرونی دباؤ سے ان میں کمی ہوتی ہے"۔ (صفحہ: 421,420)

## ملی فولیم

"بائیں گردے کے مقام پر درد کا احساس ہوتا ہے"۔ (صفحہ: 603)

## سینیشو اورس

"اس کے گردے کے درد کے دورہ میں پریرا اور بربرس (Berberis) مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ لیکن دیگر علامتیں موجود ہوں تو یہ اکیلی ہی کافی ہے"۔ (صفحہ: 741)

# اطلاعات واعلانات

## درخواست دعا

مکرم عبدالحی صاحب کراچی میں شدید بیمار ہیں- احباب جماعت سے ان کی شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے-

مکرم ظہور احمد قریشی صاحب راوی بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور پانچ ماہ سے بخار کی وجہ سے بیمار ہیں کافی کمزور ہو چکے ہیں ان کے لئے دعا کی درخواست ہے-

## اعلان داخلہ

ڈیپارٹمنٹ آف فرنچ یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور نے درج ذیل پروگرامز میں داخلے کا اعلان کر دیا ہے- (i) سرٹیفیکیٹ ان فرنچ لینگویج (ii) ڈپلومہ ان فرنچ لینگویج (iii) سرٹیفیکیٹ ان فرنچ فار بزنس (iv) ڈپلومہ ان فرنچ فار بزنس (v) بی-اے فرنچ آپشنل - داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 20 اکتوبر 2001ء ہے

مزید معلومات کیلئے 13-10-2001 ڈان

**اعلان سکالرشپ** حکومت پاکستان منسٹری آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور فروغ ایمبیسی کے تعاون سے فرانس میں پوسٹ گریجویٹ سٹڈیز کے لئے سکالرشپ کا اعلان کیا ہے- سلیکٹ ہونے والے پہلے 15 طلباء وطالبات ٹیوشن فیس سے مستثنیٰ ہوں گے تاہم ان کو رہنے، میڈیکل انشورنس اور ٹکٹ کے اخراجات خود برداشت کرنا ہوں گے-

خواہش مند طلباء وطالبات 10 نومبر 2001ء تک اپنی درخواستیں درج ذیل ایڈریسز پر بھجوادیں-

1-Deputy Scientific Adviser (HRD)
2- Ministry of Science & Technology
3- Shaheed-i-Millat Secretariat, Islamabad
4- www.Most gov. Pak.

نیشنل کالج آف آرٹس (NCA) لاہور نے درج ذیل پروگرامز میں داخلے کا اعلان کر دیا ہے- (i) بیچلرز آف آرکیٹکچر (ii) بیچلرز آف فائن آرٹس (iii) میوزیکالوجی (iv) ڈیزائن داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 29 اکتوبر 2001ء ہے

مزید معلومات کے لئے جنگ 14-10-2001

## سانحہ ارتحال

محترم خواجہ ادریس احمد صاحب آف جرمنی حال ربوہ لکھتے ہیں کہ ان کی ہمشیرہ محترمہ ریحانہ فرحت صاحبہ بنت خواجہ محمد حنیف صاحب (مرحوم) دارالرحمت غربی ربوہ (نعمت ہوٹل والے) گلے کی خرابی اور سانس کے عارضے کی وجہ سے شدید بیمار رہنے کے بعد مورخہ 5 اکتوبر 2001ء بعمر قریباً 30 سال وفات پا گئی ہیں- مرحومہ کی نماز جنازہ اگلے روز بعد نماز مغرب بیت المہدی میں مکرم مقصود احمد صاحب قمر مربی سلسلہ نے پڑھائی اور قبرستان عام میں تدفین کے بعد مکرم خواجہ رفیع الدین صاحب نے دعا کروائی - احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور ہم بہن بھائیوں اور والدہ صاحبہ کو صبر جمیل عطا فرمائے - آمین-

## ولادت

مکرم عامر لطیف عمران صاحب دارالرحمان ربوہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 13-اکتوبر 2001ء بروز ہفتہ دوسری بیٹی سے نوازا ہے- حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچی کو ازراہ شفقت وقف نو کی بابرکت تحریک میں قبول فرماتے ہوئے ''کاشفہ لطیف'' نام عطا فرمایا ہے- عزیزہ مکرم محمد لطیف بٹ صاحب المعروف بٹ کلاتھ ہاؤس ربوہ کی پوتی اور مکرم مرزا محمد اسماعیل صاحب (مرحوم) سابق کارکن تحریک جدید انجمن احمدیہ ربوہ کی نواسی ہے- احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ دونوں بچیوں کو صحت وتندرستی سے خدمت دین کرنے والی لمبی زندگی سے نوازے-

## سانحہ ارتحال

مکرم محمد طارق محمود صاحب (مربی سلسلہ شعبہ رشتہ ناطہ) کی پھوپھی محترمہ نظیر بیگم صاحبہ زوجہ مکرم محمد احمد صاحب قمر سنوری ساکن محلہ پورن نگر پیرس روڈ سیالکوٹ بقضائے الٰہی مورخہ 4-10-2001 بروز جمعرات صبح سوادس بجے بعمر 68 سال 9 ماہ اس جہان فانی سے رحلت فرما گئیں- مرحومہ بفضل تعالیٰ موصیہ تھیں- گردے ناکارہ ہونے کی بنا پر عرصہ اڑھائی سال بڑے حوصلے سے بیماری کا مقابلہ کیا- خدا تعالیٰ کے فضل سے زندگی کے آخری دن تک نماز اور نوافل ادا کرتی رہیں- وفات کے روز بھی نماز فجر کے بعد حسب معمول قرآن کریم کی تلاوت کی- 12 سال تک دارالصدر شمالی ربوہ میں رہائش رکھتے ہوئے لجنہ اماء اللہ کے کاموں کو باقاعدگی سے انجام دیتی رہیں- 1982ء میں واپس سیالکوٹ چلی گئیں- سیالکوٹ شہر میں بھی لجنہ اماء اللہ کی سیکرٹری اصلاح وارشاد مقرر ہونے پر نہایت محنت اور لگن سے کام کرتی رہیں- مرحومہ نے اپنے پیچھے تین لڑکے اور چار لڑکیاں چھوڑی ہیں- سب بفضل خدا شادی شدہ ہیں- مورخہ 5-10-2001 نماز فجر کی ادائیگی کے بعد مکرم مبارک مصلح الدین صاحب وکیل التعلیم نے نماز جنازہ پڑھائی - تدفین کے بعد محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے دعا کروائی - اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے-

عالمی ذرائع ابلاغ سے

# عالمی خبریں

**کابل اور قندھار پر شدید ترین بمبار افغانستان** پر امریکی قیادت میں حملوں کا سلسلہ جاری ہے- کابل اور قندھار پر شدید ترین بمباری کی گئی- اور ہوائی اڈوں اور فوجی تنصیبات پر حملے کئے گئے جس سے کابل کا ایکسچینج تباہ ہوگیا جس سے شہر کا بیرونی دنیا سے رابطہ منقطع ہوگیا- اطلاعات کے مطابق یہ دن کے وقت ہونے والی اب تک کی شدید ترین بمباری تھی- جس کے دوران پورے دن حملے جاری رہے- قندھار ائرپورٹ پر تین میزائل مارے گئے- جس سے رن وے پر کھڑی بکتر بند گاڑی بھی تباہ ہوگئی- طالبان حکام نے بتایا کہ صوبہ بدغیث کی شہری آبادی پر امریکی طیاروں کی بمباری سے 12 افراد شہید ہوگئے-

**اگر مارا بھی گیا تب بھی جنگ جاری رہے گی**

اسامہ بن لادن نے کہا ہے کہ اگر وہ مارے بھی گئے تو بھی ان کی جنگ جاری رہے گی- جس میں ان کی کامیابی ہوگی- افغانستان کا دورہ کرنے والے امریکی ٹی وی سی این این کے نمائندے نے القاعدہ کے نمائندے سے ملاقات کی جنہوں نے بتایا کہ اسامہ کا کہنا ہے کہ امریکہ اور برطانیہ نے اگر معصوم افغان عوام پر بمباری جاری رکھی تو سنگین نتائج برآمد ہوں گے- اور دونوں ممالک کو معاشی اور سیاسی تباہی کا سامنا کرنا پڑے گا- اسامہ نے بتایا کہ وہ اس جنگ کے دوران افغانستان میں ہی قیام کریں گے- القاعدہ کے ایک رہنما نے بتایا کہ اسامہ بمباری کے باوجود خیریت سے ہیں اور انہوں نے دو روز قبل اسامہ کے ساتھ ملاقات کی ہے-

**مزار شریف کی مارکیٹ پر امریکی بمباری**

امریکی اور اتحادی طیاروں نے مزار شریف پر بھی بم برسائے- مزار شریف کی پرہجوم مارکیٹ میں بم گرنے سے 5 افراد ہلاک ہو گئے- اس کے علاوہ کابل، جلال آباد اور قندھار پر بھی بڑی بے رحمی کے ساتھ بمباری کی گئی- جس سے متعدد افراد شہید ہو گئے-

**امریکی طیارہ بردار جہاز پر جراثیمی حملہ**

انتھراکس کے مزید مریض اور مزید عمارتوں میں پاوڈر ملنے کے بعد امریکہ اور دیگر ممالک ہل کر رہ گئے ہیں اور دہشت میں اضافہ ہو گیا ہے- اور یہ وبا افغانستان پر حملوں میں استعمال ہونے والے طیارہ بردار جہاز انٹر پرائز تک بھی پہنچ گئی ہے- ادھر آسٹریلیا میں امریکی و برطانوی قونصل خانوں اور ہوائی اڈوں سمیت 9 عمارتوں کو خالی کرالیا گیا ہے- امریکی وزیر صحت نے کہا ہے کہ اس سلسلے کا اسامہ کی تنظیم القاعدہ کے ساتھ کوئی ثبوت نہیں مل سکا- تاہم یہ دہشت گردی اور جرم ہے-

**اکھنور سیکٹر پر جھڑپ 11 پاکستانی چوکیاں تباہ** بھارتی فوج نے اکھنور سیکٹر اور ضلع پونچھ میں کنٹرول لائن پر زبردست گولہ باری کر کے پاکستانی فوج کی 11 چوکیاں تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے- بی بی سی نے بتایا کہ جھڑپ شدید تھی اور بھارتی کمانڈر نے کہا کہ کارروائی پاکستان کو سبق سکھانے کے لئے کی گئی-

**حکومت سازی کے معاہدہ تک حملہ نہیں کریں گے** شمالی اتحاد نے اشارہ دیا ہے کہ وہ اس وقت تک کابل پر حملہ نہیں کرے گا جب تک افغانستان میں جنگ کے بعد کی حکومت سازی کے بارے میں کوئی ڈیل نہیں ہو جاتی- شمالی اتحاد کے وزیر خارجہ نے بی بی سی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ کابل میں داخل ہونے سے قبل اگر ہم میں کوئی سمجھوتہ ہوگیا تو یہ بہترین حالات ہوں گے-

**خودکش حملے کیوں؟** امریکہ میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر اور پینٹا گون پر حملے کر کے اپنی جانیں قربان کرنے اور ہزاروں بے گناہ افراد کو ہلاک کرنے کے واقعہ کے بعد یہ سوال انتہائی اہمیت اختیار کر گیا ہے کہ آخر خودکش حملے کرنے والوں کے اقدام کے پیچھے کون سے محرکات کارفرما ہوتے ہیں-

**الخلیل سے اسرائیلی فوج واپس** اسرائیل نے مغربی کنارے کے علاقے الخلیل سے اپنے ٹینک اور فوج کا انخلاء شروع کر دیا ہے- جبکہ مغربی کنارے کے علاقے میں بفرزون قائم کر دیا ہے- اسرائیلی وزیراعظم ایریل شیرون کے ترجمان رانن گیشن نے کہا کہ فلسطینی اور اسرائیلی سیکیورٹی حکام کے درمیان بات چیت کے بعد اسرائیل نے اپنی فوجیں واپس نکالنے کا فیصلہ کیا ہے-

**اسامہ کو تیسرے ملک کے حوالے کرنے پر بات ہو سکتی ہے** افغانستان کے حکمران طالبان نے کہا ہے کہ وہ اسامہ کو مقدمہ چلانے کے لئے کسی غیر جانبدار ملک کے حوالے کرنے کے لئے مذاکرات پر تیار ہیں- جو امریکہ اور طالبان دونوں کے اثر سے آزاد ہو لیکن اسامہ کو حوالے کرنے سے پہلے امریکہ کو ان کے خلاف تمام ثبوت مہیا کرنے ہوں گے اور بمباری بند کرنی ہوگی-

بقیہ صفحہ 2

دوسرے کو آرام ہو- ایسی قوم کے لئے کسی قسم کی ترقی کی امید نہیں ہو سکتی- یہی وجہ ہے کہ (-) خدا تعالیٰ نے بار بار قرآن شریف میں اس طرف متوجہ کیا ہے کہ اگر تم ترقی کرنا چاہتے ہو اور کامیاب قوم بننا چاہتے ہو تو آپس کے لڑائی جھگڑوں کو چھوڑ کر ایک ہو جاؤ- فرمایا (-) کہ آپس کے اختلافات کو چھوڑ دو اور حبل اللہ کو مضبوط پکڑ لو- جب تمام آدمی ایک رسہ کو پکڑ لیتے ہیں تو میں نے دیکھا ہے کہ ان میں سے اگر ایک کو جھٹکا لگے تو سب کو لگتا ہے گویا خدا تعالیٰ نے اتفاق اور اتحاد کا یہ نشان بتایا ہے کہ حبل اللہ کو ایسا مضبوط پکڑو کہ ایک کے سکھ میں سارے سکھ محسوس کرو اور ایک کے دکھ میں سب کو دکھ پہنچے جب کسی قوم کے لوگ ایسے ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم ایسی قوم کی ترقی کے راستے کھول دیتے ہیں-

(خطبات جمعہ جلد اول ص 339-340)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ہر قسم کی کھانسی کے لیے مفید ترین دوا
کھانسی GHP-357/GH
20ML قطرے یا 20 گرام گولیاں- قیمت =/25
عزیز ہومیو پیتھک ربوہ فون 212399

